سوال

(21) خداوند تعالیٰ نے سب سے پہلے کون سی چیز پیدا کی؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

خداوند تعالیٰ نے سب سے پہلے کون سی چیز پیدا کی۔جمادات، نباتات، حیوانات وچرند پرند،پتھر سب کائنات سے پہلے کون سی چیز پیدا کی؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں مفصل طور پر تحریر فرمائیں والسلام سائل: حبیب الرحمن حلیم ضلع ملتان

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس معاملہ میں مختلف رواتیں ہیں: لیکن جمہور محققین علماء اور حفاظ کی تحقیق یہی ہے کہ سب سے پہلے پانی اور اس پر عرش کو پیدا کیا، بعض روایت میں ہے: ((انا اول ما خلق اللہ القلم)) یہ جو حدیث ہے ترکیب کے لحاظ سے دو معنی کا احتمال رکھتی ہے۔ مسلم شریف میں اس سلسلے میں ایک مرفوع حدیث موجود ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ قلم اور تقدیر خلائق سے پہلے پانی پر عرش کو بنایا۔ اور تقدیر خلائق اس کے بعد ہے اور زمین اور آسمان کا بنانا اس سے بھی پچاس ہزار سال بعد ہے۔ (مولانا ابوالبرکات شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ گوجرانوالہ، ش نمبر ۳)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاوی علمائے حدیث]

جلد 09 ص 102

محدث فتویٰ